حیسکو پریس ریلیز مورخہ 21.10.2026

چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری کی ہدایت پر ایکسین آپریشن ڈویژن قاسم آباد ظفر علی سولنگی نے ایس ڈی او ہیر آباد محمد اویس اور تکنیکی عملے کے ہمراہ حُریکمپ میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کارروائیاں کیں۔ کارروائی کے دوران 50 کے وی کے 6 ٹرانسفارمرز منقطع کیے گئے، جبکہ 62 غیر قانونی بجلی کنکشن ختم کر دیے گئے۔ اس کے علاوہ 78 کنکشنز پر 2 کروڑ روپے سے زائد کے واجبات واجب الادا ہیں۔ حیسکو ترجمان



حیدر آباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر حیسکو فیض اللہ ڈاہری کی ہدایت پر ایکسین آپریشن ڈویژن قاسم آباد ظفر علی سولنگی نے ایس ڈی او ہیر آباد محمد اویس اور تکنیکی عملے کے ہمراہ حُریکمپ میں بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف کارروائیاں کیں۔ کارروائی کے دوران 50 کے وی کے 6 ٹرانسفارمرز منقطع کیے گئے، جبکہ 62 غیر قانونی بجلی کنکشن ختم کر دیے گئے۔ اس کے علاوہ 78 کنکشنز پر 2 کروڑ روپے سے زائد کے واجبات واجب الادا ہیں۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی ہے کہ بجلی چوری کے خاتمے اور واجبات کی 100 فیصد وصولی کو یقینی بنانے کے لیے مؤثر اقدامات جاری رکھے جائیں۔ نادہندگان کو اپنے ذمے واجبات فوری ادا کرنے کی ہدایت کی گئی ہے، بصورت دیگر بجلی منقطع کرنے کے ساتھ قانون کے مطابق کارروائی بھی عمل میں لائی جائے گی۔ حیسکو انتظامیہ کے مطابق بجلی چوری نہ صرف قومی وسائل کو نقصان پہنچاتی ہے بلکہ ادارے کی کارکردگی اور ترقی میں بھی رکاوٹ بنتی ہے۔ بجلی چوری کے خلاف کارروائیوں میں متعلقہ قانون کے تحت پولیس، رینجرز اور دیگر متعلقہ اداروں کا تعاون بھی حاصل کیا جا رہا ہے۔ حیسکو کے مختلف آپریشن سب ڈویژنوں میں صارفین کو واجبات کی بروقت ادائیگی کے لیے اعلانات کے ذریعے آگاہی بھی فراہم کی جا رہی ہے۔ چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے صارفین سے اپیل کی ہے کہ وہ بجلی کے بل مقررہ وقت پر ادا کریں اور بجلی چوری میں ملوث عناصر کی نشاندہی کر کے حیسکو سے تعاون کریں، تاکہ اس غیر قانونی عمل کا مکمل خاتمہ ممکن بنایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ حیسکو ایک کمرشل ادارہ ہے اور بجلی کے بلوں کی بروقت ادائیگی سے ہی نظام کو مؤثر انداز میں چلانے اور صارفین کو بہتر سہولیات فراہم کرنے میں مدد ملتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صارفین اپنی شکایات اور جائز مسائل کے حل کے لیے حیسکو کی کھلی کچہریوں میں بھرپور شرکت کریں، جہاں ان کے مسائل کے ازالے کے لیے اقدامات کیے جاتے ہیں۔ حیسکو انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ بجلی چوری اور واجبات کی عدم ادائیگی کے خلاف کارروائیاں بلاتفریق جاری رہیں گی، جبکہ صارفین کے تعاون سے بجلی کی فراہمی کے نظام کو مزید بہتر بنایا جائے گا۔